نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے ماہ ستمبر کے دوسرے پندھرواڑے کیلئے کپاس کی بہتر نگہداشت کے لئے سفارشات جاری کر دیں

لاہور15 ستمبر 2021:( ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق کپاس کی فصل اہم مرحلہ میں داخل ہے۔کپاس کی سپرے ،آبپاشی اور دوسرے امور کا کام محکمہ زراعت کی ہدایات کے مطابق موسمی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے سرانجام دیں۔بارش کی صورت میں اگر زائد پانی کھیت میں کھڑا ہو جائے تو اس کی نکاسی کا بندوبست کریں۔اس مقصد کے لئے کھیت کے ایک طرف لمبے رُخ گہری کھائی کھود کر پانی جمع کر لیں۔جہاں فصل میں پانی کھڑا رہنے کی وجہ سے کمزور حالت میں ہو تو فصل کی بڑھوتری کرنے والا کیمیکل سپرے کر لیں۔آبپاشی فصل کے معائنہ کے بعد کریں اور اس کے لئے واٹر سکاؤٹنگ کے طریقہ کار کا انتخاب کریں یعنی پتوں کا رنگ نیلگوں ہو،اوپر والی شاخوں کی گانٹھوں کی درمیانی لمبائی میں کمی،سفید پھول کا چوٹی پر آنا ، تنے کے اوپر والے حصّے کا سرخ ہونا اور چوٹی کے پتوں کا کھردرا ہونا شامل ہو۔ترجمان نے مزید بتایا کہ کپاس کی فصل کے بعض علاقہ جات میں اس وقت گلابی سنڈی کا حملہ مشاہدہ میں ہے۔علاوہ ازیں کسی کسی علاقہ میں سفید مکھی، ملی بگ، چست تیلہ، تھرپس اور پتہ مروڑ وائرس کا حملہ بھی معاشی حد سے زیادہ مشاہدہ میں آرہا ہے۔مزید براں ستمبر کے ماہ میں لشکری سنڈی، امریکن سنڈی اور چتکبری سنڈی بھی نقصان کا باعث بن سکتی ہے۔اس لئے کاشتکار ہفتہ میں دوبار پیسٹ سکاؤٹنگ کریں اور جہاں ان ضرررساں کیڑوں کا حملہ نقصان کی معاشی حد سے زیادہ ہو تو محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی عملے کے مشورہ سے سپرے کریں۔کاشتکار سفید مکھی کے کنٹرول کے لئے سپرے طلوع آفتاب سے پہلے یا زیادہ سے زایدہ ایک گھنٹہ بعد میں کریں اور ایک ہی قسم کی زہروں کا بار بار سپرے نہ کریں اور سپرے کیلئے 100 تا120 لٹر صاف پانی استعمال کریں۔کیڑوں کے موثر تدارک کے لئے سپرے مشین کی درست کیلی بریشن اور پریشر، ہالو کون نوزل کا درست انتخاب اور زہر کی صحیح مقدار کا موجود ہونا ضروری ہے۔کاشتکار کپاس کی فصل کی چنائی صبح 10 بجے شروع کریں جس وقت شبنم ٹینڈوں سے خشک ہو جائے تا کہ کپاس بدرنگ نہ ہو اور نمی کی وجہ سے جیننگ میں بھی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے جبکہ چنائی شام 4 بجے بند کر دینی چاہیے۔چنائی ہمیشہ پودے کے نچلے حصّے سے مکمل کھلے ہوئے ٹینڈوں سے شروع کریں۔چنی ہوئی کپاس میں نمی، کچے ٹینڈے، کھوکھڑی، رسیاں یا بال وغیرہ موجود نہیں ہونے چاہیں۔کپاس کی چنائی کے بعد اسے ایک دھوپ ضرور لگوا لیں تا کہ نمی کو مناسب سطح پر لایا جا سکے۔

☆☆☆☆